# کینٹونمنٹ بورڈ حیدر آباد

فون نمبر: 022-9200105
فیکس نمبر: 022-9200102

مورخہ 01/6 جون، 2022

## نیلام حقوق کرایہ داری ایک عدد میڈیکل اسٹور بمع ٹک شاپ واقع کینٹ جنرل ہسپتال حیدرآباد کینٹ

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد اپنے کینٹ جنرل ہسپتال واقع ضیاالدین روڈ حیدرآباد کینٹ میں نئے تعمیر شدہ ایک عدد میڈیکل اسٹور بمع ٹک شاپ کے حقوق کرایہ داری کا نیلام عام برائے عرصہ تین (03) سال مورخہ 23، جون، 2022 بوقت 11:00 بجے دن دفتر ہذا میں منعقد کر رہا ہے اگر مذکورہ نیلامی کسی وجہ سے مقررہ تاریخ پر نہ ہوسکا تو دوبارہ نیلام عام مورخہ 24، جون، 2022 بوقت 11:00 بجے، اور سہ بارہ نیلام عام مورخہ 25، جون، 2022 بوقت 11:00 بجے منعقد ہوگا۔

### نیلامی کی شرائط وضوابط

1- خواہشمند حضرات کو بولی دینے سے قبل مبلغ -/Rs.3,00,000 (تین لاکھ روپے) بصورت بینک ڈرافٹ بمع قومی شناختی کارڈ کی کاپی بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر حیدرآباد کروانا ہوگا۔

2- بولی دہندہ بذات خود یا اپنے قانونی مختار کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

3- دکان کی بولی ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر ہوگی۔ اور ہر سال 10% کرایے میں اضافہ کیا جائیگا۔

4- کامیاب اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کے علاوہ باقی حصہ لینے والے افراد کو بولی کے اختتام پر جمع شدہ زرضمانت واپس کردیئے جائیں گے۔

5- کامیاب بولی دہندہ بحساب تین مہینے کا کرایہ بولی کے اختتام پر موقع پر ہی جمع کرائے گا جو کہ سیکورٹی تصور کیا جائے گا بصورت دیگر مذکورہ بالا جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط کرلی جائے گی۔

6- کامیاب بولی دہندہ کو تحریری معاہدے سے پہلے کل رقم کا 15% ایڈوانس انکم ٹیکس جمع کرانا ہوگا۔

7- کامیاب بولی دہندہ کو FBR کا رجسٹرڈ (Active Tax Payer) ہونا لازمی ہے بصورت دیگر گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے تحت 15% ٹیکس کے علاوہ 5% مزید FBR کے مروجہ قانون کے مطابق ادا کرنا ہوگا۔

8- کامیاب بولی دہندہ بولی کے اختتام پر کل بولی کا چوتھائی (1/4) حصہ نقد رقم کی صورت میں موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

9- کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی منظوری کے سات (07) یوم کے اندر اندر نان جوڈیشل (Non-Judicial) اسٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔

10- کامیاب بولی دہندہ بقایا تمام رقم ماہانہ اقساط میں جمع کرائے گا جس کے لئے چھتیس (36) چیک ایڈوانس دینے ہونگے۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں قانونی کاروائی کی جائے گی اور مجاز اتھارٹی کو ٹھیکہ منسوخ کرنے کا اختیار ہوگا۔

11- بولی دہندہ میڈیکل اور ٹک شاپ کی صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

12- بولی دہندہ میڈیکل اور ٹک شاپ کے علاوہ انتظامی امور میں کسی قسم کی مداخلت کے مجاز نہیں ہوگا۔

13- بولی دہندہ کا کاروبار کے آغاز سے قبل متعلقہ ادارے سے دواؤں کی فروخت کا لائیسنس حاصل کرنا لازم ہوگا۔

14- بولی دہندہ پانی، بجلی، گیس وغیرہ کا خرچہ خود برداشت کریگا۔

15- میڈیکل اسٹور اور ٹک شاپ چوبیس (24) گھنٹے کھلی رکھنا ہوں گی۔ بصورت دیگر معاہدہ منسوخ کیا جائیگا اور جمع شدہ رقم ضبط کی جائیگی۔

16- نیلامی کا نوٹس وشرائط وضوابط پیپرا PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی موجود ہے۔

17- کینٹونمنٹ بورڈ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر پیپرا (PPRA) کے رولز کے مطابق تحریری وجہ بیان کر کے حقوق کرایہ داری منسوخ کرنے کا اختیار حاصل ہے مزید شرائط ومعلومات دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں معلوم کی جاسکتی ہے۔

المشتہر
کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
حیدرآباد چھاؤنی

Scanned with CamScanner